SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر II مجریہ ۱۹۹۰
SINDH ACT NO.II OF 1990
سندھ بلدیاتی حکومت (ترمیم اور روانگی محصول معقولیت) ایکٹ، ۱۹۸۹
THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (AMENDMENT AND RAWANGI MAHSOOL VALIDATING) ACT, 1989
فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان
Short title
۲۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کے شیڈول V کی ترمیم
Amendment of Schedule V of Sindh Ordinance XII of 1979
۳۔ کچھ چیزوں پر روانگی محصول کی معقولیت
Validation of Rawangi Mahsool on certain commodities
۴۔ ۱۹۸۹ کے سندھ آرڈیننس -I کی منسوخی
Repeal of Sindh Ordinance-I of 1989

سندھ ایکٹ نمبر II مجریہ ۱۹۹۰
SINDH ACT NO.II OF 1990
سندھ بلدیاتی حکومت (ترمیم اور روانگی محصول معقولیت) ایکٹ، ۱۹۸۹

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (AMENDMENT AND RAWANGI MAHSOOL VALIDATING) ACT, 1989

[۱۶ جنوری ۱۹۹۰]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کی توسط سے سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں ترمیم کی جائے گی اور صوبہ میں ضلعی کاؤنسلز میں کچھ چیزوں پر روانگی محصول لگانے کی معقولیت کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں ترمیم کرنا اور صوبہ میں ضلعی کاؤنسلز میں کچھ چیزوں پر روانگی محصول لگانے کی معقولیت کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

مختصر عنوان
Short title

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

۱۔اس ایکٹ کو سندھ بلدیاتی حکومت (ترمیم اور روانگی محصول معقولیت) ایکٹ، ۱۹۸۹ کہا جائے گا۔

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کے شیڈول V کی ترمیم
Amendment of Schedule V of Sindh Ordinance XII of 1979

۲۔ سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کے شیڈول V میں، حصہ III کی داخلا ٦ میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو سیمی کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا اور پہلی ستمبر ۱۹۸۳ اور ۱۹ مئی ۱۹۸۴ میں، ضلع کاؤنسل حیدرآباد اور ضلع کاؤنسل نوابشاہ میں ترتیبوار اور ۱۲ جون ۱۹۸٦ میں، دوسرے ضلعی کاؤنسلز کی صورت میں اس کو اس طرح شامل سمجھا جائے گا۔

کچھ چیزوں پر روانگی محصول کی معقولیت

"بشرطیکہ روانگی محصول جلانے کی لکڑیوں، عمارتوں کی تعمیراتی لکڑیوں، گندم، جو، چاول، کپاس (کتی ہوئی، نہ کتی ہوئی اور ضایع)، ریکٹیفائیڈ اسپرٹ، چاس، چینی یا چینی کی پیداوار جیسا کہ مصری، ریوڑی اور مٹھائی، پھر وہ کیوں نہ ایسی چیز یا مادا روینیو ضلع کی شہری یا دیہی حدود سے

برآمد کی جائے۔"۔

Validation of Rawangi Mahsool on certain commodities

۳۔ جب تک کچھ مذکورہ آرڈیننس، اس سلسلے میں قواعد یا کسی فیصلے، حکم یا کسی عدالت کی ڈکری کے متضاد نہ ہو، تب تک:

(a) حکومت سندھ، ہاؤسنگ، ٹاؤن پلاننگ، لوکل گورنمنٹ اور رورل ڈولپمنٹ ڈپارٹمنٹ نوٹیفکیشن نمبر SOV/DC-V(7)/85.Pt.I تاریخ ۱۲ جون ۱۹۸٦، جو کچھ چیزوں پر روانگی محصول کے لیئے بااختیار بنا کر، ہمیشہ ایسے ہی کارگر سمجھا جائے گا اور اس پر ایسے ہی سختی سے عمل کرایا جائے گا، لیکن ضلع کاؤنسل حیدرآباد کی صورت میں اور ضلع کاؤنسل نوابشاہ کی صورت میں، وہ پہلی ستمبر ۱۹۸۳ اور ۱۹ مئی ۱۹۸۴ ترتیبوار سے نافذ سمجھا جائے گا۔

۱۹۸۹ کے سندھ آرڈیننس I- کی منسوخی

Repeal of Sindh Ordinance-I of 1989

(b)مذکورہ نوٹیفکیشن کے سلسلے میں ضلع کاؤنسل کی طرف سے لگائی گئی، جمع کردہ، بازیاب کردہ، وصول کردہ اورنافذ کردہ روانگی محصول ہمیشہ کارگر نمونے لگائی گئی، جمع کردہ، بازیاب کردہ، وصول کردہ اور نافذ کردہ سمجھی جائے گی۔

۴۔ سندھ بلدیاتی حکومت (ترمیم اور روانگی محصول معقولیت) آرڈیننس، ۱۹۸۹ کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا